© rasailojaraid.com



اور دوسرے علاقوں میں بھی انکی پیش قدمیاں جاری ہیں۔ اور یہ سلسلہ تاہنوز جاری ہے۔ یہاں پر ہم حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ طالبان کی چوٹی کی قیادت جن کو مذاکرات کی آڑ میں مخالفوں نے گرفتار کرلیا تھا اور جس میں طالبان حکومت کے وزیر خارجہ ملا محمد غوث اور وزیر خزانہ مولانا احسان اللہ اور وزیر دفاع مولانا عبدالرازق حقانی اور دیگر اہم رہنما شامل ہیں ان کی رہائی کے لئے وزارت خارجہ اور جناب گوہر ایوب صاحب سنجیدہ کوشش کریں۔ کیونکہ اب حکومت پاکستان نے طالبان حکومت کو باقاعدہ تسلیم کرلیا ہے۔ تو انہیں چاہیئے کہ پڑوسی ملک کی ہر ممکن مدد اور حمایت کریں۔ (حافظ راشد الحق سمیع) یکم جولائی ۱۹۹۷ء

## ضروری اطلاع

۱۴ اگست کو پاکستان کے 50 سال مکمل ہورہے ہیں اس مناسبت سے ماہنامہ "الحق" تحریک آزادی اور قیام پاکستان کے متعلق آئندہ شمارہ میں خصوصی مضامین شائع کرے گا۔ مضمون نگار اور مقالہ نویس حضرات سے گذارش ہے کہ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر اپنا قیمتی مضمون جلد از جلد ارسال فرمائیں۔ تاکہ اگست کے شمارہ میں اس کو شامل اشاعت کیا جائے۔ (موضوعات درج ذیل ہیں)۔

۱). جن مقاصد کیلئے پاکستان وجود میں آیا تھا کیا وہ مقاصد پورے ہوئے ؟

۲). پاکستانی پارلیمنٹ اور آئین سازی میں علماء کرام کا روشن کردار ؟

۳). پاکستان کے ساتھ آزاد ہونے والے ممالک کا پاکستان کے ساتھ تقابلی جائزہ مثلاً چین، جاپان، بھارت، کوریا وغیرہ وغیرہ۔ (۴). اسلام پاکستان کے لئے ناگزیر ہے ؟

۵). پاکستان میں عالم اسلام کی قیادت کی صلاحیت ؟

۶). کیا مغربی جمہوریت پاکستان کے مزاج سے ہم آہنگ ہے ؟ اور کیا یہ تجربہ پاکستان میں کامیاب رہا ؟ (۷). تحریک آزادی میں علماء کرام کا روشن کردار ؟

۸). عالم اسلام کے لئے پاکستان کا کردار ؟ (۹). اکیسویں صدی اور پاکستان ؟

۱۰). پاکستان کے دولخت ہونے کے اسباب ؟ (۱۱). پاکستان اور بھارت کا تقابلی جائزہ ؟

۱۲). فرنگی سامراج کے برصغیر میں مظالم ؟

نوٹ:۔ محولہ بالا عنوانات پر مضامین ۲۲ جولائی تک ادارہ کو پہنچ جانے چاہئیں۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com